16-08-2025  URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے ریاست میں جاری شدید بارش کے پیش نظر تمام محکموں کے عہدیداروں اور عملے کو ہر وقت الرٹ رہنے کی ہدایت جاری کی ہے۔

۲۔حیدرآباد کے محکمہ موسمیات کے مرکز نے بتایا ہے کہ کم دباؤ کے نظام کے زیراثر تلنگانہ میں آئندہ 3 دن تک مسلسل بارش کا امکان ہے۔

۳۔گورنر تلنگانہ جشنو دیو ورما نے کہا ہے کہ ٹی بی کی روک تھام ہر کسی کی ذمہ داری ہے۔

اور

۴۔ریاست بھر میں کرشنا اشٹمی تہوار روایتی جوش و خروش کے ساتھ منایا گیا۔

PARSI NEW YEAR:

وزیراعظم نریندر مودی نے آج پارسی نئے سال کے موقع پر شہریوں کو مبارکباد دی اور نیک تمناؤں کا اظہار کیا۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں وزیراعظم نے کہا کہ ملک پارسی برادری کی دیرپا خدمات پر فخر کرتا ہے۔مودی نے یہ بھی امید ظاہر کی کہ نیا سال خوشحالی اور سب کے لئے اچھی صحت کا باعث بنے گا۔

AMRIT UDYAN:

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے آج صدر جمہوریہ ہاؤس میں پلومیریا گارڈن، بنیان گرو اور بیبلنگ بروک کا افتتاح کیا۔ایک سوشل میڈیا پیغام میں صدر نے بتایا کہ یہ تینوں اب امرت ادیان کا حصہ ہیں۔ پلومیریا گارڈن میں گھاس کے ٹیلے اور ترتیب دئے گئے پودے دکھائے گئے ہیں جبکہ بنیان گرو میں ریفلیکسولوجی پاتھ، پنچ تتو ٹریل اور جنگلات سے متاثرہ مناظر موجود ہیں۔ بیبلنگ بروک میں آبشاریں، مجسمہ نما فوارے اور پتھریلے راستے شامل ہیں۔امرت ادیان عام لوگوں کے لیے آئندہ ماہ کی 14 تاریخ تک کھلا رہے گا۔

JANAMASHTMI PRESIDENT:

صدر جمہوریہ دروپدی مرمواور وزیر اعظم نریندر مودی نے جنم اشٹمی کے موقع پر عوام کو مبارکباد پیش کی۔ ایک سوشل میڈیا پیغام میں صدر مرمو نے لکھا کہ بھگوان شری کرشن نے انسانیت کو یہ راستہ دکھایا کہ انسان اپنے فرائض نیک نیتی کے ساتھ ادا کرے اور تمام مخلوقات کی بھلائی کے لیے وقف رہے۔ وزیر اعظم مودی نے کہا کہ جنم اشٹمی، جو ایمان، خوشی اور جوش کا تہوار ہے، لوگوں کی زندگیوں میں نئی توانائی اور جذبہ پیدا کرے گا۔

TRIBUTES:

صدر جمہوریہ دروپدی مرمواور وزیر اعظم نریندر مودی نے آج سابق وزیر اعظم اٹل بہاری واجپائی کو ان کے یادگار ''سدئے اٹل'' پر خراج عقیدت پیش کیا۔ قومی دارالحکومت میں اس موقع پر مرکزی وزراء راجناتھ سنگھ، جے پی نڈا، کرن رجیجو، گجندر سنگھ شیخاوت، لوک سبھا اسپیکر اوم برلا اور دہلی کی چیف منسٹر ریکھا گپتا کے بشمول کئی معزز شخصیات موجود تھیں۔

EDUPAYALA:

میدک ضلع میں واقع مشہور درگما مندر لگاتار تیسرے دن بھی شدید بارش اور سیلاب کے سبب زیر آب ہے۔ نئے مقام پر خصوصی پوجا اور نذرانے پیش کئے جارہے ہیں۔ ونا درگا جھیل کا کنارہ اس وقت اوپر تک بھر چکا ہے کیونکہ سنگور کے ناکا واگو سے 25 ہزار کیوسک پانی کا بہاؤ ونا درگا جھیل میں داخل ہوا ہے۔

JANMASHTAMI:

دونوں تلگو ریاستوں تلنگانہ اور اے پی میں کرشنا اشٹمی تہوار روایتی جوش وخروش کے ساتھ منایا گیا۔ بڑے مندروں میں خصوصی پوجا کی گئی۔ بچوں نے کرشن اور رادھا کے روایتی لباس پہن کر تقاریب میں شرکت کی جبکہ گھروں اور منادر کو سجایا گیا۔ منادر میں درشن کیلئے طویل قطاریں دیکھی گئیں۔ محکمہ پولیس نے بڑی مندروں کے اطراف اضافی نفری تعینات کی تھی۔ ٹریفک پولیس نے اہم راستوں پر ہجوم کی رہنمائی کی۔ پوجا کے سامان کی دکانوں، پھول منڈیوں اور ڈیری مصنوعات کے مراکز پر خریداروں کا ہجوم دیکھا گیا۔ کئی مقامات پر ماحول دوست تقاریب پر زور دیا گیا اور پلاسٹک کے استعمال سے گریز کی تلقین کی گئی۔ اس موقع پر تعلیمی اداروں کیلئے تعطیل دی گئی۔ مختلف عوامی نمائندوں نے پیغامات میں کہا کہ جنم اشٹمی امن، اخوت اور خدمت خلق کا درس دیتی ہے۔ انہوں نے عوام سے اپیل کی کہ تہوار خوشی کے ساتھ مگر نظم وضبط اور باہمی احترام کے ساتھ منایا جائے۔

CONGRESS:

غیر منظّم مزدوروں اور ملازمین کا اجلاس آج کانگریس کی ذیلی تنظیم کی جانب سے حیدرآباد میں کانگریس پارٹی کے ہیڈکوارٹرس گاندھی بھون میں منعقد ہوا۔اس موقع پر تلنگانہ پردیش کانگریس کمیٹی کے صدر اور ایم ایل سی مہیش کمار گوڑ اور کے کے سی کے قومی چیئرمین اُدت راجو مہمانِ خصوصی تھے۔اس اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے صدر تلنگانہ کانگریس مہیش کمار گوڑ نے کہا کہ کانگریس لیڈر راہل گاندھی ہمیشہ تمام شعبوں کے مزدوروں کے حقوق کے لئے آواز بلند کرتے رہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ غیر منظّم مزدور اپنی محنت کے باوجود نظر انداز کیے جاتے ہیں اور کم آمدنی پر گزارہ کر رہے ہیں۔انہوں نے کہا، ''اگر کوئی سب سے زیادہ پسماندہ اور مظلوم طبقہ ہے تو وہ غیر منظّم مزدور ہیں۔''انہوں نے بتایا کہ وزیر اعلیٰ اے ریونت ریڈی تلنگانہ میں غیر منظّم مزدوروں کی فلاح کے لئے پرعزم ہیں۔ انہوں نے کہا ''ہم نے آپ کی مشکلات کو پہلے بھی سنا ہے،اب وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی آپ کی خدمات کو تسلیم کریں گے اور آپ کے مسائل حل کریں گے۔پارٹی کی جانب سے ہم آپ کے مسائل وزیر اعلیٰ کے سامنے رکھیں گے۔''

CM

وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی نے ریاست میں جاری شدید بارش کے پیش نظر تمام محکموں کے عہدیداروں اور عملے کو ہر وقت الرٹ رہنے کی ہدایت جاری کی ہے۔وزیر اعلیٰ نے آج صبح موسمی صورتحال کا جائزہ لیتے ہوئے محکمہ موسمیات کی پیش گوئی کے مطابق نظام آباد، سنگاریڈی، میدک، وقار آباد، جے شنکر بھوپال پلی، ملگ، بھدرادری کوتہ گوڑم اور کھمم اضلاع میں اوسط تا شدید بارش کا امکان ظاہر کیا ہے۔وزیر اعلی کی ہدایت پر خطرے والے اضلاع میں این ڈی آر ایف اور ایس ڈی آر ایف ٹیموں کو پیشگی طور پر تعینات کیا گیا۔ندیوں میں طغیانی کے خطرہ کے پیش نظر انتظامیہ کو الرٹ رہنے کی ہدایت دی گئی ہیں۔نچلے علاقوں میں رہنے والوں کو محفوظ مقامات پر منتقل کرنے کی وزیر اعلی نے ہدایت دی ہے۔ڈیموں، جھیلوں اور تالابوں کے پانی کی سطح کی مسلسل نگرانی، مکمل لبریز آبی ذخائر کے لئے ریت کے تھیلے تیار رکھنے کی ہدایت دی گئی ہے۔ انہوں نے زیر آب آنے والے علاقوں اور لو لیول پلوں پر ٹریفک بند کرنے کا مشورہ دیا۔انہوں نے بارش سے متاثرہ علاقوں میں صفائی کے خصوصی انتظامات کی ہدایت دی۔

WEATHER:

حیدرآباد کے محکمہ موسمیات کے مرکز نے بتایا ہے کہ کم دباؤ کے نظام کے زیر اثر تلنگانہ میں آئندہ 3 دن تک مسلسل بارش کا امکان ہے۔ آج نرمل، نظام آباد، بھوپال پلی، م لگ، بھدرادری کوتہ گوڑم، سنگاریڈی اور کاماریڈی اضلاع میں شدید بارش کا امکان ہے۔ محکمہ موسمیات نے ریاست بھر کے 9 اضلاع کے لئے ایلو الرٹ جاری کیا ہے۔ جگتیال، راجنا سرسلہ، کریم نگر، پداپلی محبوب آباد، ورنگل، ہنمکنڈہ، وقارآباد اور میدک اضلاع میں بھی بارش کا امکان ظاہر کیا گیا ہے۔ عادل آباد اور نظام آباد اضلاع میں مسلسل بارش جاری ہے۔ کئی منڈلوں میں صبح سے موسلا دھار بارش ہو رہی ہے جس سے آبی پراجکٹس کی سطح میں غیر معمولی اضافہ درج کیا گیا ہے۔ کئی دیہاتوں کا رابطہ منقطع ہو گیا ہے۔ حکام نے عوام کو ہدایت کی ہے کہ وہ بارش کے دوران محتاط رہیں اور غیر ضروری سفر سے گریز کریں۔

BJP:

تلنگانہ بی جے پی نے آج سابق وزیر اعظم اٹل بہاری واجپئی کی برسی پر انہیں خراج عقیدت پیش کیا۔ اس موقع پر ریاستی بی جے پی صدر این رام چندر راؤ نے پارٹی ہیڈ کوارٹر میں واجپئی کی تصویر پر پھول مالا چڑھائی۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے رام چندر راؤ نے کہا کہ واجپئی ایک دور اندیش رہنما تھے جن کے دور حکومت میں ہندوستان نے معاشی اور اسٹریٹجک دونوں سطحوں پر عالمی طاقت کے طور پر مقام حاصل کیا۔ انہوں نے واجپئی حکومت کی نمایاں اسکیموں کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ پردھان منتری گرام سڑک یوجنا اور گولڈن کواڈری لیٹر پروجیکٹ نے دیہی رابطے اور قومی شاہراہوں میں انقلابی تبدیلیاں لائیں۔ انہوں نے پوکھران نیوکلیئر ٹسٹ کے موقع پر واجپئی کی قیادت کو یاد کرتے ہوئے کہا کہ عالمی پابندیوں کے باوجود ہندوستان نے اپنی خودمختاری پر سمجھوتہ نہیں کیا۔ بی جے پی صدر نے کہا کہ واجپئی حکومت نے چاول اور گیہوں جیسے اناج کی سپلائی اور برآمدات میں اصلاحات کیں اور غریبوں کو رہائش فراہم کرنے کے لئے والمیکی امبیڈکر آواس یوجنا جیسے فلاحی پروگرام متعارف کرائے۔

ARREST:

حیدرآباد شہر کے چنداںگر علاقہ میں جیولری کی دکان میں ہوئی ڈکیتی کا کیس پولیس نے حل کرلیا ہے۔ پولیس نے بین ریاستی ٹولی کے 3 ارکان کو گرفتار کرتے ہوئے ان سے بندوقیں اور گولیاں برآمد کرلی۔ مادھاپور کے ڈی سی پی وینیت نے میڈیا کو بتایا کہ ملزمین نے 20 دن تک دکان کا جائزہ لیا تھا۔ جملہ 7 افراد نے مل کر ڈکیتی کی منصوبہ بندی کی تھی۔ ملزمین اس واردات کیلئے موٹرسائیکل پر آئے اور جعلی نمبر پلیٹس کا استعمال کیا۔ دکان سے 10 کلو چاندی کے زیورات اور دیگر اشیاء لوٹ کر فرار ہوگئے۔ انہوں نے کہا کہ پہلے یہ گروہ کولکتہ، بہار اور کرناٹک میں بھی ڈکیتی کی واردات انجام دے چکا ہے۔ گروہ کے ارکان دوسال سے حیدرآباد میں چھوٹے موٹے کام کرتے ہوئے رہائش پذیر تھے۔ یہ حیدرآباد میں ان کی پہلی ڈکیتی کی واردات تھی۔ انہوں نے آجرین سے درخواست کی ہے کہ وہ مزدوروں کو بھرتی کرتے وقت ان کے کریک ریکارڈ کی جانچ ضرور کریں۔ لیبر سپلائی ایجنسیز کو چاہیے کہ وہ ہمیں مزدوروں کی مکمل معلومات فراہم کریں۔

FASTAG PASS:

نیشنل ہائی ویز اتھاریٹی آف انڈیا نے 79 ویں یوم آزادی کے موقع پر گزشتہ روز ملک بھر کے ایک ہزار 150 ٹول پلازہ میں فاسٹ ٹیک سالانہ پاس سہولت پر عمل کیا۔ مرکزی وزارتِ روڈ ٹرانسپورٹ وشاہراہوں کے مطابق تقریباً ایک لاکھ 40 ہزار استفادہ کنندگان نے ان پاسس کی خریداری کی اور اس پر عمل آوری کے پہلے دن 7 بجے شام تک سالانہ پاس کو کارکرد بنادیا۔

GOVERNOR:

گورنر تلنگانہ جشنو دیو ورما نے وقارآباد ضلع کے اننت گری میں دوروزہ ٹیوبرکلوسس کانکلیو کا افتتاح کیا۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ٹی بی کی روک تھام ہر کسی کی ذمہ داری ہے۔ انہوں نے محکمہ صحت کے عہدیداروں کو ہدایت دی کہ وہ پیشگی طور پر دوائیں دستیاب کرواتے ہوئے ٹی بی کے مریضوں میں بیداری پیدا کریں۔ انہوں نے کہا کہ ٹی بی کی روک تھام میں وقارآباد ضلع ملک بھر رول ماڈل بن گیا ہے۔ وقارآباد کے رکن پارلیمنٹ کونڈا ویشویشور ریڈی نے کہا کہ ٹی بی کی روک تھام کیلئے اننت گری کا ماحول بہتر ہے۔

Sound Byte.

OO